سوال

(38) انسانون کےلیے سب سے پہلے کیا واجب ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انسانون کےلیے سب سے پہلے کیا واجب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان پر سب سے پہلے وہی واجب ہے جس کی خالق نے سب سے پہلے دعوت دی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سب بتلا دیا ہوا ہے۔ جناب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو آپ نے یمن کی طرف روانہ فرمایا تو ان سے کہا: ''تم اہل کتاب کی طرف جا رہے ہو، تو چاہیئے کہ ان لوگوں کےلیے تمہاری سب سے پہلی دعوت یہ ہو کہ اللہ عزوجل کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور محمد، اللہ کے رسول ہیں۔'' (صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الدعاء الی الشھادتین و شرائع الاسلام، حدیث 19۔ صحیح بخاری، کااب الزکاۃ، باب لا توخذ کرائم اموال الناس، حدیث: 1458) چنانچہ بندوں پر سب سے پہلے یہی واجب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید اور محمد رسول اللہ کی رسالت کا اقرار کریں اور اس کی گواہی دیں اور ان دو چیزوں ہی سے کسی بندے میں اخلاص اور اتباع کا ثبوت مل سکتا ہے اور ہر ہر عبادت کی قبولیت کےلیے اس بنیاد کا پایا جانا لازمی اور ضروری شرط ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 67

محدث فتویٰ